## شیعہ اور سنی علمائے کرام اور دینی تنظیمیں ایسے فسادی عناصر سے لاتعلقی کا اظہار کریں اور ان کا مکمل بائیکاٹ کریں جو فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے کی سازشیں کر رہے ہیں۔ الطاف حسین

## جو عناصر فتنہ وفساد اور شرانگیزی پر یقین رکھتے ہیں وہ کسی بھی فقہ یا مسلک کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں

## تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں

## ممتاز علمائے کرام علامہ طالب جوہری، علامہ عباس کمیلی اور مرزا یوسف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو

## عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے ہر طرح سے آپکے ساتھ ہیں۔

## علامہ طالب جوہری، علامہ عباس کمیلی اور مرزا یوسف حسین کی قائد تحریک الطاف حسین کو یقین دہانی

## شیعہ اور سنی عوام ہر قیمت پر آپس میں بھائی چارہ برقرار رکھیں اور فسادی عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔ علماء کرام کی اپیل

لندن۔۔۔ 4 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام خصوصاً شیعہ اور سنی علمائے کرام اور دینی تنظیموں سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ ایسے فسادی عناصر سے کھل کر لاتعلقی کا اظہار کریں اور ان کا مکمل بائیکاٹ کریں جو عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء خراب کرنے کی سازشیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات ممتاز علمائے کرام علامہ طالب جوہری، علامہ عباس کمیلی اور مرزا یوسف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے علمائے کرام سے یوم عاشور کے موقع پر ماتمی جلوس میں دھماکے کے نتیجے میں کئی عزاداروں کی شہادت پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کے قیام سے قبل سندھ کے شہری علاقوں میں ایک سازش کے تحت شیعہ سنی فسادات کرائے جاتے تھے اور عوام کو آپس میں لڑایا جاتا تھا لیکن ایم کیو ایم کی برسوں کی عملی جدوجہد کے نتیجے میں آج الحمدللہ کراچی سمیت سندھ بھر سے شیعہ سنی فساد کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایم کیو ایم ہی کی رات دن کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج سندھ میں شیعہ سنی عوام کے درمیان مثالی اتحاد و بھائی چارہ قائم ہے اور وہ ایک دوسرے کے عقائد اور عبادتگاہوں کا احترام کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وہ فسادی عناصر جنہیں سندھ خصوصاً کراچی کے عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن و بھائی چارہ ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے وہ عوام کو آپس میں تقسیم کرنے کیلئے ایک مرتبہ پھر فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے کی گھناؤنی سازشیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر فتنہ وفساد اور شرانگیزی پر یقین رکھتے ہیں وہ کسی بھی فقہ یا مسلک کے دوست نہیں بلکہ کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام مکاتبِ فکر خصوصاً شیعہ اور سنی علمائے کرام اور دینی تنظیموں کو چاہیے کہ وہ تمام تر مصلحتوں سے بالاتر ہو کر ایسے تمام فسادی عناصر کو اپنی صفوں سے نکال باہر کریں، ان عناصر کا مکمل بائیکاٹ کریں اور ایسے عناصر سے کھل کر لاتعلقی کا اظہار کریں جو اپنی شرانگیز کارروائیوں کے ذریعے فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے اور عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء خراب کرنے کی سازشیں کر رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر کے علماء سے اپیل کی کہ وہ اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں کیونکہ یہی وقت کی اہم اور بنیادی ضرورت ہے۔ علامہ طالب جوہری، علامہ عباس کمیلی اور مرزا یوسف حسین نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کیا اور کہا کہ فسادی عناصر کسی بھی فقہ کے دوست نہیں ہیں اور شیعہ اور سنی علماء اور عوام کو ایسے فسادی عناصر کا بائیکاٹ کرنا چاہیے۔ علامہ طالب جوہری، علامہ عباس کمیلی اور مرزا یوسف حسین نے فرقہ وارانہ فسادات کے سلسلے کو ختم کرنے اور شیعہ سنی عوام کے درمیان اتحاد و بھائی چارہ قائم کرنے کے سلسلے میں جناب الطاف حسین کی بھرپور کوششوں اور ایم کیو ایم کے مثالی کردار کو سراہا اور جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ عوام کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے ہر طرح سے انکے ساتھ ہیں۔ علمائے کرام نے بھی شیعہ اور سنی عوام سے اپیل کی کہ وہ آپس میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارہ ہر قیمت پر برقرار رکھیں، ایک دوسرے کے عقائد اور عبادت گاہوں کا احترام کریں اور پرامن رہ کر فسادی عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔

## الطاف حسین کی 30 سالہ شبانہ روز کاوشیں اتحاد بین المسلمین اور ملک بھر میں پائیدار امن کی ضامن ہیں، شیعہ عالم دین

## ڈاکٹر محمد فاروق ستار کی حیدر عباس رضوی اور انور رضا کے ہمراہ علامہ طالب جوہری، مولانا محمد عون نقوی،

## علامہ فرقان حیدر عابدی، پروفیسر قنبر عباس نقوی اور علامہ علی کرار نقوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں

کراچی۔۔۔4، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار کی قیادت میں حق پرست رکن قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی اور علماء کمیٹی کے رکن انور رضا نے ممتاز شیعہ عالم دین علامہ طالب جوہری، مولانا محمد عون نقوی، علامہ فرقان حیدر عابدی، پروفیسر قنبر عباس نقوی اور علامہ علی کرار نقوی سے ان کی رہائشگاہوں پر علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقات میں شہر کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، ڈاکٹر فاروق ستار نے علامہ طالب جوہری سے گفتگو کے دوران شہر میں یوم عاشورہ میں بم دھماکے کے نتیجے میں شہید ہونے والے عزاداران حسین کیلئے تعزیت کا اظہار کیا اور زخمی ہونے والے عزاداران کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے اس موقع پر اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ شیعہ علماء شہر کو آگ و خون میں ہولی کھیلنے والے دہشت گردوں کی کھل کر مذمت کریں اور ایسے افراد کا مکمل بائیکاٹ کریں جو کہ کسی نہ کسی طرح اس اندوہناک سانحہ کا حصہ بنے ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایک مذموم سازش کے ذریعے شہر کے امن و امان کو تباہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ علامہ طالب جوہری نے ملاقات کے دوران ایم کیوایم اور قائد تحریک الطاف حسین کی 30 سالہ شبانہ روز کاوشوں کو جو اتحاد بین المسلمین اور ملک بھر میں پائیدار امن کی ضامن ہیں۔ شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور عزاداری اور عزاداران حسین کی معاونت پر شکریہ ادا کیا۔ علامہ محمد عون نقوی سے ملاقات کے دوران ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے شہر کی صورتحال اور ایم کیوایم کے کردار کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اور خصوصاً قائد تحریک الطاف حسین کی بروقت کوششوں نے عزادارن حسین کی شہادتوں کے بعد حالات کو خراب ہونے سے بچالیا۔ علامہ محمد عون نقوی نے اس ضمن میں قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کی بروقت کوششوں اور دانشمندی نے شہر میں کی جانے والی فرقہ وارانہ سازش کو بے نقاب اور ناکام بنادیا جس پر ہم ان کے شکر گذار ہیں۔ علامہ فرقان حیدر عابدی سے ملاقات کے دوران وفد نے اس مشکل وقت میں شیعہ سنی اتحاد اور بھائی چارے کی فضاء برقرار رکھنے پر زور دیا اور اتفاق کیا کہ کالی بھیڑوں پر نظر رکھنے اور ان کا بائیکاٹ کرنے کی ضرورت پر زور دیا جس کے جواب میں علامہ فرقان حیدر عابدی نے کہا کہ امن اور اسلام کے دشمن ایم کیوایم اور عزاداران حسین کے مشترکہ دشمن ہیں۔ انہوں نے اتحاد بین المسلمین کیلئے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کی 30 سالہ خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ پروفیسر قنبر عباس نقوی کی رہائشگاہ پر ایم کیوایم کے وفد نے ملاقات کے دوران یوم عاشورہ پر بم دھماکہ میں 50 سے زیادہ افراد کی شہادت اور ڈیڑھ سو سے زیادہ زخمیوں سمیت جلاؤ گھیراؤ کے سنگین واقعات کو ایک ہی سلسلے کی کڑی قرار دیا جس کا مقصد کراچی کے امن کو تہہ و بالا کرنا تھا۔ پروفیسر قنبر عباس نقوی نے اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے فعال و ذمہ دارانہ کردار کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایم کیوایم کی بروقت کوششوں نے شہر کو ایک بڑی سازش کا شکار ہونے سے بچالیا۔ انہوں نے اس موقع پر عزاداری اور عزاداران حسین کی انتھک خدمات کرنے پر ایم کیوایم اور خصوصاً قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ علامہ علی کرار نقوی نے اپنی رہائشگاہ پر ایم کیوایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک سازشی ٹولہ ایم کیوایم کو مسلسل ہدف تنقید بنارہا ہے بلکہ مسلسل ایم کیوایم کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اس سازشی ٹولے سے بخوبی واقف ہیں اور وہ ان کا بائیکاٹ کررہے ہیں۔ انہوں نے سانحہ عاشورہ میں شہید کیے جانے والے عزاداران حسین کے لواحقین اور زخمیوں کے معاونت سمیت عزاداری کیلئے ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے آخر میں قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعا بھی کی۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی تصنیف ''لندن میں الطاف حسین کے شب روز'' کی تقریب رونمائی 5 جنوری منگل کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگی

## قائد تحریک الطاف حسین تقریب کے شرکاء سے خصوصی خطاب کریں گے، تقریب کی صدارت ڈاکٹر فرمان فتح پوری انجام دیں گے

کراچی۔۔۔4، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی تصنیف ''لندن میں الطاف حسین کے شب روز'' کی تقریب رونمائی 5 جنوری منگل کو شام 5 بجے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگی۔ تقریب رونمائی سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین خصوصی خطاب کریں گے۔ تقریب کی صدارت ستارہ امتیاز، ادیب و شاعر ڈاکٹر فرمان فتح پوری انجام دیں گے جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر پیرزادہ قاسم ہوں گے۔ تقریب میں سلیم شہزاد کی تصنیف ''لندن میں الطاف حسین کے شب روز'' پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت، ادیب و شاعر پروفیسر سحر انصاری اور خواجہ رفیق انجم اظہار خیال کریں گے۔ تقریب رونمائی میں شعراء کرام، دانشوروں، ادیبوں، ڈاکٹرز، پرفیسرز، اساتذہ کرام اور دیگر ادبی شخصیات کو دعوت نامے ارسال کئے جاچکے ہیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے بنوریہ عالیہ سائٹ میں قائم کئے گئے آئی ٹی سینٹر کا افتتاح کردیا
## ملاقات میں یوم عاشور کے جلوس بم دھماکہ، مارکیٹوں کو آگ لگانے کی پرزور مذمت کی گئی
## شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش ناکام بنانے پر بھی مکمل اتفاق پایا گیا

کراچی۔۔۔4، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے جامعہ عالیہ سائٹ کے مہتمم مفتی محمد نعیم کی دعوت پر مدرسے کا تفصیلی دورہ کیا اور آئی ٹی سینٹر کا افتتاح کیا۔اس موقع پر سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہار الدین احمد خان بھی موجود تھے۔رضا ہارون نے مفتی محمد نعیم سے ملک کے حالات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ کیا۔اس موقع پر دونوں جانب سے کراچی میں یوم عاشور کے مرکزی جلوس میں بم دھماکے اور بولٹن مارکیٹ سمیت دیگر اہم مارکیٹوں کو آگ لگانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی اور اس حملہ کو شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء خراب کرنے اور امن وامان تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا۔ملاقات میں دونوں جانب سے شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش ناکام بنانے پر مکمل اتفاق اور باہمی رابطوں پر زور دیا گیا۔ اس سے قبل رضا ہارون اور اظہار الدین احمد خان نے انفارمیشن ٹیکنالوجی سینٹر کا افتتاح کیا اور طلبہ سے ملاقات اور کمپیوٹر لیب کا دورہ کیا۔

## لینڈ سلائیڈنگ کے باعث وادی ہنزہ کے گاؤں میں جانی و مالی نقصانات پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس
## وادی ہنزہ میں عوام کے جان و مال کے تحفظ اور متاثرین کی امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔4، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وادی ہنزہ میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث گاؤں عطاء آباد اور سریٹ میں درجنوں مکانات کے دریا میں بہہ جانے سے ہونے والی تباہی اور اس کے نتیجے میں بھاری جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ہنزہ میں متاثر خاندانوں کی فوری امداد اور ان کی مکمل بحالی کیلئے جلد از جلد ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے کارکنان اور رضا کاروں کو امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے اور مصیبت میں گھرے لوگوں کی فوری طور پر مدد کیلئے ہدایت کی ۔رابطہ کمیٹی نے لینڈ سلائیڈنگ کے باعث جاں بحق افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ناگہانی آفات کا شکار تمام مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## منور حسن کا بیان کہ کراچی اور سندھ کو طالبان سے کوئی خطرہ نہیں صدی کا سب سے بڑا جھوٹ ہے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی
## زمینی حقائق کو جھٹلانے والے نام نہاد مذہبی جماعت کے سربراہ مذہب کی آڑ میں اپنی دکانداری چمکانے کیلئے ملک وقوم کو داؤ پر لگا رہے ہیں
## کراچی سے درجنوں طالبان دہشت گرد گرفتار کئے جاچکے ہیں، زمینی حقائق کو جھٹلایا نہیں جاسکتا
## آج ہی سی سی پی او کراچی نے تصدیق کی ہے کہ طالبان کراچی میں موجود ہیں

کراچی۔۔۔4، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے امیر منور حسن کے اس بیان کی جس میں انہوں نے کہا ہے کہ ’’کراچی اور سندھ کو طالبان سے کوئی خطرہ نہیں اور سب امریکی بولی بول رہے ہیں‘‘ سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور منور حسن کے اس بیان کو زمینی حقائق سے سراسر متصادم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دراصل منور حسن کی قیادت میں جماعت اسلامی طالبان کی بولی بول رہی ہے اور مذہبی جذبات بھڑکا کر دہشت گردی کے خلاف عوامی رائے عامہ کا رخ تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اور اس کی پوری قیادت طالبانائزیشن کی حامی ہے، اسے طالبان دہشت گردوں کی جانب سے خودکش بم دھماکے اور دیگر کارروائیوں میں ملک بھر کے معصوم و بے گناہ خواتین، بچوں، بزرگوں، نوجوانوں، مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز کا لہو بہتا دکھائی نہیں دے رہا ہے اور جماعت اسلامی کی یہی دوغلی پالیسی ملک میں طالبانائزیشن کے فروغ کا باعث بنی ہے اور آج ملک وقوم دہشت گردی کے جس عفریت کا شکار ہیں وہ جماعت اسلامی کا ہی پیدا کردہ ہے۔انہوں

نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے القاعدہ کے نامی گرامی بین الاقوامی دہشت گرد پکڑے جاچکے ہیں اور جماعت اسلامی کا ہیڈ کوارٹر منصورہ بھی دہشت گردوں کو مدد وتعاون کی فراہمی میں ملوث رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی سے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے درجنوں طالبان دہشت گردوں کو خودجیکٹوں ، بموں ، جدید آتشی اسلحہ اور گولہ بارود سمیت گرفتار کیا ہے اور منورحسن کا یہ کہنا کہ کراچی اور سندھ کو طالبان سے کوئی خطرہ نہیں صدی کا سب سے بڑا جھوٹ ہے اور زمینی حقائق کو جھٹلانے والے نام نہاد مذہبی جماعت کے سربراہ مذہب کی آڑ میں اپنی دکانداری چمکانے کیلئے ملک وقوم کو داؤ پر لگارہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ آج ہی سی سی پی او کراچی نے تصدیق کی ہے کہ طالبان کراچی میں موجود ہیں اور منورحسن عوام کو جواب دیں کہ وہ کن مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے طالبان کی موجودگی سے انکار کررہے ہیں اور انہیں مدد وتعاون فراہم کررہے ہیں ۔؟حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے منورحسن اور جماعت اسلامی کے رہنماؤں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ زمینی حقائق عوام کے سامنے ہیں اور باشعور عوام خود اچھے برے میں تمیز کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور وہ جان چکے ہیں جماعت اسلامی دراصل ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کا عمل کررہی ہے اور طالبانائزیشن کو فروغ دیکر اپنے عزائم کی تکمیل چاہتی ہے جسے ملک بھر کے عوام ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

## نوائے وقت کراچی کے نیوز ایڈیٹر مشتاق سہیل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔4،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ نوائے وقت کراچی کے نیوز ایڈیٹر مشتاق سہیل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ کرے ۔(آمین)

## ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے ،حق پرست اراکین قومی اسمبلی
## غریب عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے انہیں ریلیف فراہم کیا جائے

کراچی ۔۔۔4،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ملک بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں 2 روپے فی کلوگرام اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بجلی اور گیس کے نرخوں میں اضافے کے بعد ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کو غریب عوام پر ظلم قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام پہلے ہی مہنگائی ، بے روزگاری اور دہشت گردی کے عفریت کے باعث شدید ذہنی کرب اور اذیت میں مبتلا ہیں اور دوسری جانب روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں روز بروز اضافہ کرکے عوام کو مہنگائی کی چکی میں پیسا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں 2 روپے فی کلوگرام اضافے کو فی الفور واپس لیا جائے اور غریب عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے انہیں ریلیف فراہم کرنے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان اور ٹنڈوالہ یار یوسی 4 کے حق پرست ناظم سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔4،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 156 کے کارکن غلام فرید کے والد تنویر محمد صدیق ،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن آفتاب احمد خان کی اہلیہ محترمہ فرحانہ خان اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن ندیم بیگ کی ہمشیرہ محترمہ مزح دیبہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹنڈوالہ یار یوسی 4 کے حق پرست ناظم کشور کمار کی والدہ محترمہ بھوری بائی کے انتقال پر بھی گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ۔رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔

☆☆☆☆☆